لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذو الفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۳	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۵ ذیقعدہ ۱۳۴۳ھ مطابق ۸ جون ۱۹۲۵ء	جلد ۳۷

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافہ بابو کشن کنوار کلرک دارالانشا	۱
۲	اضافہ صاحبزادہ سید توسل حسین خان بہادر۔	۲
۳	اضافہ محمد عثمان خان محرر اصطبل	″
۴	رخصت میر سجاد حسین محرر عطر خانہ	″
۵	اضافہ سکریٹری صاحب بہادر و رخصت وحرفت	″
۶	رخصت اسسٹنٹ سرجن صاحب	″
۷	اضافہ عہدہ کلرک پولیس	″
۸	انتظام رخصت ناظر فوجداری	″
۹	اعلان کتب جدید الطبع	۲ ۳
۱۰	نقشہ نرخنامہ اجناس	

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۲۲ مئی ۱۹۲۵ء

مثل رپورٹ میر منشی صاحب دارالانشا دربارہ اضافہ تنخواہ بابو کشن کنوار کلرک دارالانشا۔

حکم

کشن کنوار کی تنخواہ میں بیس روپیہ ماہوار الاونس کے علاوہ دس روپیہ ماہوار کا اضافہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب سکریٹری بہادر

اضافہ

۳۰ مئی سنہ ۱۹۲۵ء

مثبتہ رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت دربارہ منظوری اضافہ تنخواہ مبلغ دس روپیہ صاحبزادہ سید توسل حسین خان سپرنٹنڈنٹ صفائی بوجہ کارگزاری و محنت دیرینہ ملازمت -

حکم

بموجب رپورٹ صاحبزادہ سید توسل حسین خان بہادر کی تنخواہ مین دس روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہوا احکام ضابطہ جاری ہون -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اضافہ

۳۰ مئی سنہ ۱۹۲۵ء

مثبتہ عرضداشت صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ اضافہ دس روپیہ ماہوار در تنخواہ مختار علیخان منصرم اصطبل مشاہرہ دار سا ٹھ روپیہ بوجہ انجام دہی خدمت بدیانت و امانت و بوجہ عیالداری و گرانی غلہ وغیرہ -

حکم

مختار علیخان منصرم اصطبل کی تنخواہ مین دس روپیہ ماہوار اضافہ یکم جون سنہ ۱۹۲۵ء سے منظور ہوا - احکام ضابطہ جاری ہون -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۲ جون سنہ ۱۹۲۵ء

مثبتہ عرضداشت صاحب سکریٹری بہادر انہار دربارہ رخصت چار ماہ میر سجاد حسین منصرم عطر خانہ برائے روانگی بمقام مشہد مقدس بذمہ داری کسے باقر حسین تحویلدار امام باڑہ برادر حقیقی میر سجاد حسین -

حکم

سید سجاد حسین منصرم عطر خانہ کی رخصت سہ ماہ برائے سفر مشہد مقدس منظور ہوئی - ایام رخصت مین منصرم عطر خانہ کا بھائی باقر حسین کام انجام دیگا

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اضافہ

۲ جون سنہ ۱۹۲۵ء

مثبتہ رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت دربارہ عملہ آمد ہونے اضافہ تنخواہ خود تعدادی سے ۷ از یکم

مئی سنہ ۱۹۲۵ء حسب قواعد گورنمنٹ

حکم

خان بہادر سید جمیل احمد صاحب سکریٹری صنعت و حرفت کی تنخواہ مین تیس روپیہ ماہوار اضافہ یکم مئی سنہ ۱۹۲۵ء سے منظور ہوا -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۲ جون سنہ ۱۹۲۵ء

مثبتہ رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت رعایتی یکماہ ڈاکٹر ڈین کے دہر اسسٹنٹ سرجن بوجہ زیادتی مرض ذیابیطس برائے روانگی پہاڑ -

حکم

رخصت رعایتی ایک ماہ منظور ہوئی - احکام ضابطہ جاری ہون - ما بعد واپسی اقبال کے سفر بمبئی سے قبل ڈاکٹر دہر کو اپنی رخصت سے واپس آنا چاہئے -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

اضافہ و عہدہ

۲۹ مئی سنہ ۱۹۲۵ء

مثبتہ تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس دربارہ عطائے منظوری اضافہ پانچ روپیہ ماہوار و عہدہ ہیڈ کانسٹبلی سے مبارک علیخان کلرک نمبر ۱۶۷ مشاہرہ دار دس روپیہ ماہوار جملہ پندرہ روپیہ ماہوار بجائے صدیق احمد ہیڈ کانسٹبل متوفے مشاہرہ دار پندرہ مع انتظام دیگر تقرر و اضافہ وغیرہ

حکم

بجائے صدیق احمد ہیڈ کانسٹبل متوفے مبارک علیخان کلرک مشاہرہ دار دس کو پانچ روپیہ ماہوار اضافہ دیکر پندرہ روپیہ کا ہیڈ کانسٹبل حسب تجویز صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس بنایا جانا منظور ہوا - احکام جاری ہون -

دستخط صاحب ہوم سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۳۱ مئی سنہ ۱۹۲۵ء

دربارہ منظوری رخصت منشی گوری سہائے ناظر فوجداری ضلع

ونیز جمن لال اہلمد فوجداری ضلع -

حکم

منشی گوری سہائے ناظر فوجداری ضلع بوجہ علالت رخصت پر ہین -
اب یہ درخواست اُنکی ایک ماہ رخصت کی آئی ہے وہ بدستور بیمار ہین
لہذا مزید رخصت ایک ماہ نامبردہ کی منظور کیجاتی ہے -
جمن لال ایام رخصت ناظر مذکور مین کام کر رہا ہے چونکہ نامبردہ دس یوم کی
رخصت مانگتا ہے - جسکی بابت صاحب چیف مجسٹریٹ سفارش کرتے ہین
بنا بران جمن لال مذکور کی رخصت بھی دس یوم کی منظور کیجاتی ہے -
ایام رخصت جمن لال مین سید اصغر حسین اسسٹنٹ ناظر ججی کا
کام کرینگا - اُنکو ہدایت کیجاتی ہے کہ نہایت صحت سے اندراجات کیے جائین
کوئی رجسٹر خراب نہو - وہ ایک عرصہ سے عدالت ججی مین غالباً مقرر ہین
پہلے جنہون نے اپنی غفلت سے رجسٹران نظارت کے خراب کردیے تھے
اگرچہ وہ کام نظارت سے بخوبی واقف ہین اُنکو نہایت احتیاط سے
بلا عذر کام کرنا چاہیے ورنہ سخت باز پرس کیجائیگی - اور کوئی
عذر مسموع نہوگا - ناظر گوری سہائے کی رخصت کے سلسلہ مین
جو الاونس انوار رسول اہلمد کو ملتا ہے وہ بدستور ملیگا لیکن زمانہ
رخصت جمن لال کے جمن لال کو الاونس نہین ملیگا - پیشکار صدر
منشی سید اصغر حسین ناظر کے کام کی نگرانی رکھین -

حکم ہے کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ فوراً جاری ہون -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہوکر طبع ہوگئی ہین
ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے - اس نادر موقع سے ضرور فائدہ
اُٹھائیے - خود بھی خرید فرماکر پڑہیے اور احباب کو دکھائیے -

قول شافی - یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اردو ترجمہ ہے -
اسکی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہے - جلد دوم کا
پہلا حصہ چھپ چکا ہے قیمت علاوہ محصول ڈاک ۱۲؍ ہے

التوحید - یہ کتاب جامع عباسی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے
اسمین خداوند عالم کے وجود اُسکی توحید اور صفات سے
مفصل بحث کی گئی ہے - اسکی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک ۱۲؍ ہے

خصائص معاویہ - یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول جامع عباسی کے ملحقات
مین ہے - جو دراصل محمد بن عقیل اشعری کی مشہور کتاب
نصائح کافیہ کا ترجمہ ہے - بعض مطالب کا اسمین اضافہ
کیا گیا ہے قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ۸؍ ہے

جسقدر نسخے مطلوب ہون درخواست مہتمم صاحب کتب خانہ سرکاری
کی خدمت مین ارسال فرمائیے -

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

مطبوعہ ... جون ۱۹۱۳ء

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے یکم لغایت ۶ جون ۱۹۱۳ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۵۰۱ر		۷۰۱ر			۷۰۱ر	
نخود خالص	۵۰۱ر		۸۱ر			۸۱ر	
نخود کتہ آمیز	۵۱ر		۹۱ر			۸۰۱	
کتہ	۹۰۱ر		۹۱ر			۹۱ر	
ماش	۶۱ر					۶۱ر	
مونگ	۶۱ر		۰			۶۱ر	
مکا	۸۱ر						
جئی	۹=۱ر		۱۰۱ر			۱۰۰۱ر	
گوجئی	۵ر۱ر		۷۰۱ر			۸۱ر	
عدس	۸۱ر		۹۱ر			۷۱ر	
ارہر	۱۰۰۱ر		۱۰۱ر			۱۱۰۱ر	
برنج	۴۰۱ر		۴۰۱ر			۴۰۱ر	
روغن زرد	۷ چھٹانک		۷۰			۷۰۱ر	
روغن سیاہ	۲۱ر		۱ ر۱ر			۱۰۱ر	
روغن کنجد	۱۱ر ر۱ر		۰			۱۰۱ر	
نمک سانبھر	۱۲۱ر		۱۱۰۱ر			۱۱۱ر	
نمک لاہوری	۶۱ر		۶۱ر			۷۱ر	
قند سیاہ	۳۰۱ر		۴۱ر			۴۱ر	
باجرہ	۶۰۱ر		۰			۰	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور